ابو رغدہ

ضبط وترتیب: محمد اسامہ سمیع

حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کا دارالحدیث میں مختصر بیان

شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان ،صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان ،وفاق کے ایک بڑے وفد کے ہمراہ تشریف لائے ،حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے دفتر اہتمام میں شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ رحمہ اللہ کی وفات پر تعزیت کی اور زیر تعمیر ’’جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ‘‘ میں بطور تبرک ایک اینٹ بھی رکھی۔(ادارہ)

میں آپ کو بہت عجیب واقعات سناتا لیکن میں بولنے پر قادر نہیں اللہ تعالیٰ آپکو دین کی خدمت کیلئے قبول فرمائے آمین اللہ آپ کی تمام شرور وآفات سے حفاظت فرمائے اور میری درخواست ہے کہ آپ اپنے ادارے سے محبت وتعلق اختیار کریں اسباق میں مشغول رہیں اور کمزوری ظاہر نہ ہونے دیں آپکے ادارے کے بہت سے امتیازات ہیں آپ انکی حفاظت کریں۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق کی درخواست پر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے دورہ حدیث کے طلبہ اور حاضر طلباء کو اجازت حدیث سے بھی نوازا۔